# سنن ابن ماجہ MCQ

دورہ حدیث

مدرس

شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا اسد مدنی عطاری المدنی مدظلہ

از قلم: عابد رضا عطاری دورہ حدیث

جامعۃ المدینہ فیضان مدینہ بس سٹاپ شیخوپورہ موڑ گوجرانوالہ

# MCQ

درست جواب کی نشاندہی کریں۔

1) سنن ابن ماجہ کے مصنف کا نام ہے؟

(الف) جلال دین سیوطی (ب) ابو عبد اللہ محمد بن یزد قزوینی (ج) امام مسلم (د) امام ابو یوسف

2) سنن ابن ماجہ کے مصنف پیدا ہوئے؟

(الف) 207ھ (ب) 209ھ (ج) 307ھ (د) 309ھ

3) ابن ماجہ کے مصنف کی وفات ہوئی؟

(الف) رمضان 270ھ (ب) رمضان 271ھ (ج) رمضان 273ھ (د) رمضان 275ھ

4) سنن ابن ماجہ کے کل ابواب ہیں؟

(الف) 100 (ب) 1500 (ج) 1700 (د) 2000

5) ابن ماجہ میں احادیث مبارکہ کی تعداد ہے؟

(الف) 4ہزار (ب) 5ہزار (ج) 6ہزار (د) 7ہزار

6) رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں جس چیز کا حکم دوں اسے بجالاؤ اور جس چیز سے منع کرو اس سے۔۔۔؟

(الف) ڈر جاؤ (ب) رک جاؤ (ج) کر جاؤ (د) اختلاف کرو

7) میری امت میں سے ایک گروہ ہمیشہ رہے گا؟

(الف) حق پر (ب) ظلم پر (ج) باطل پر (د) صبر پر

8) خبردار جسے رسول اللہ ﷺ نے حرام قرار دیا وہ اس کی مثل ہے جیسے۔۔۔؟

(الف) اللہ نے حرام قرار دیا (ب) فرشتوں نے حرام کیا (ج) بندوں نے حرام کیا (د) انبیاء نے حرام کیا

9) جس نے ہمارے دین میں کوئی نئی چیز ایجاد کی جو اس میں سے نہیں ہے تو وہ۔۔۔۔؟

(الف) قابلِ عمل ہے (ب) رد ہے (ج) حرام ہے (د) جائز ہے

10)سونے کو سونے کے بدلے نہ بیچو مگر۔۔۔؟

(الف) کمی بیشی کے ساتھ (ب) برابر برابر (ج) زیادہ زیادہ (د) کوئی بھی نہیں

11)جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ گھڑا اسے چاہئے کہ اپنا ٹھکانہ بنالے؟

(الف) جنت میں (ب) عذاب والی قبر میں (ج) جہنم میں (د) کوئی بھی نہیں

12)جو شخص یہ جانتے ہوئے کوئی حدیث بیان کرے حالانکہ وہ جھوٹ ہوں وہ بندہ لکھ دیا جاتا ہے؟

(الف) سچوں میں سے (ب) دوستوں میں سے (ج) جھوٹوں میں سے (د) کافروں میں سے

13)بندہ جھوٹ بولتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ کے نزدیک لکھ دیا جاتا ہے؟

(الف) صدیق (ب) کذاب (ج) کافر (د) مرتد

14)مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس سے قتال کرنا۔۔۔۔۔ ہے؟

(الف) جہاد ہے (ب) عذاب ہے (ج) کفر ہے (د) حرام ہے

15)مرجیہ اور قدریہ کے لیے اسلام میں۔۔۔۔۔ ہے؟

(الف) کوئی حصہ نہیں (ب) ثواب ہے (ج) اکرام ہے (د) ذلت ہے

16)علم۔۔۔۔ طرح کا ہے؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 7

17)۔۔۔۔۔بڑھتا اور گھٹتا ہے یعنی کم ہوتا ہے؟

(الف) عمل (ب) کفر (ج) ایمان (د) شک

18)طاقتور مومن اللہ کے نزدیک پیارا ہے۔۔۔۔۔۔؟

(الف) کافر سے (ب) سست سے (ج) کمزور مومن سے (د) مالدار سے

19)کوئی بھی شخص مومن نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ وہ ایمان لائے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) دوچیزوں پر | (ب) 4 چیزوں پر | (ج) 6 چیزوں پر | (د) 8 چیزوں پر |

20)حضرت آدم علیہ السلام کے بقول تقدیر لکھی جاچکی تھی؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) 30سال پہلے | (ب) 35سال پہلے | (ج) 40سال پہلے | (د) 50سال پہلے |

21)دل کی مثال اس۔۔۔۔۔کی طرح ہے جسے ہوائیں الٹ پلٹ کرتی ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) رکھ | (ب) کپڑے | (ج) پَر | (د) درخت |

22)عمر کو نہیں بڑھاتی مگر۔۔۔۔۔؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) نیکی | (ب) صلہ رحمی | (ج) چستی | (د) مالداری |

23)تقدیر کو نہیں بدلتی مگر۔۔۔۔۔۔؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) نماز | (ب) دعا | (ج) پیسہ | (د) شفا |

24)اس امت کے مجوسی وہ لوگ ہے جو۔۔۔۔۔۔کو جھٹلانے والے ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) تقدیر | (ب) قرآن کو | (ج) ختم نبوت | (د) قدرت کو |

25)وہی کام آسان کر دیا جاتا ہے جس کے لیے اسے۔۔۔۔؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) زندہ کیا گیا | (ب) مردہ کیا گیا | (ج) پیدا کیا گیا | (د) مسلمان کیا گیا |

26)اگر سچا دوست بناتا تو ضرور میں۔۔۔۔۔کو دوست بناتا؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) ابو بکر کو | (ب) عمر فاروق | (ج) عثمان غنی | (د) مولا علی |

27)ابو بکر اور عمر۔۔۔۔۔۔جنتیوں کے سردار ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) بچوں کے | (ب) نوجوانوں کے | (ج) بوڑھوں کے | (د) عورتوں کے |

28)بلند درجے والے جنتیوں کو نیچے درجے والے جنتی ایسے دیکھیں گے جیسے۔۔۔۔۔؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) چمکتا ہوا چاند | (ب) چمکتا ہوا سورج | (ج) چمکتے ہوئے آسمان کے ستارے | (د) کوئی بھی نہیں |

29)عرض کیا گیا یا رسول اللہ لوگوں میں سے آپ کو زیادہ محبوب کون ہے تو ارشاد فرمایا؟

(الف) خدیجہ الکبری (ب) حضرت عائشہ (ج) حضرت حفصہ (د) حضرت میمونہ

30) آپ ﷺ کو مردوں میں محبوب ہے؟

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت عمر (ج) حضرت عثمان غنی (د) حضرت علی

31) حضرت جبرئیل علیہ السلام نے عرض کیا اے محمد ﷺ ۔۔۔۔۔۔۔کے اسلام لانے پر آسمان والے خوش ہوئے؟

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت عمر (ج) حضرت بلال (د) حضرت عثمان غنی

32) حق تعالی جن سے سب سے پہلے مصافحہ فرمائے گا وہ۔۔۔۔۔۔۔ہے؟

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت عثمان (ج) حضرت عمر (د) حضرت علی

33) بیشک اللہ تعالی نے حق رکھ دیا ہے۔۔۔۔۔۔کی زبان پر؟

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت عثمان (ج) حضرت علی (د) حضرت عمر

34) حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ہر نبی کا جنت میں ایک رفیق ہو گا اور رفیق۔۔۔۔۔۔۔۔ہے؟

(الف) حضرت بلال (ب) حضرت حمزہ (ج) حضرت علی (د) حضرت عثمان

35) حدیث پاک کے مطابق فتنوں کے دور میں حق پر رہے گئے؟

(الف) حضرت علی (ب) حضرت عثمان (ج) حضرت حسین (د) حضرت بلال

36) حضرت علی نے فرمایا مجھ سے صرف مومن محبت رکھے گا اور۔۔۔۔۔ صرف بغض رکھے گا؟

(الف) کافر (ب) مرتد (ج) منافق (د) یہودی

37) کون سے صحابی رسول ہیں جن کو سردی گرمی نہیں لگتی تھی؟

(الف) حضرت حمزہ (ب) حضرت حسین (ج) حضرت علی (د) حضرت بلال

38) حسن و حسین جنتی۔۔۔۔۔۔۔کے سردار ہیں؟

(الف) بچوں کے (ب) نوجوانوں کے (ج) بڑھوں کے (د) عورتوں کے

39)۔۔۔۔۔۔۔۔مجھ سے ہے اور میں ان سے ہوں؟

(الف) علی (ب) ابو بکر (ج) عمر (د) کوئی بھی نہیں

40)حضرت علی نے فرمایا میں اللہ کا بندہ اور رسول اللہ کا۔۔۔۔۔۔۔ہوں؟

(الف) بھائی (ب) شاگرد (ج) بیٹا (د) طالب

41)حضرت علی نے فرمایا میں نے لوگوں سے پہلے نماز پڑھی؟

(الف) 5برس (ب) 7برس (ج) 9برس (د) 12برس

42)پیارے آقا نے فرمایا ہر نبی کے حواری ہوئے ہیں اور میرے حواری۔۔۔۔۔ہے؟

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت بلال (ج) حضرت حمزہ (د) حضرت زبیر

43)وہ کون سے صحابی جن کے لیے رسول اللہ ﷺ نے اپنے ماں باپ کو جمع فرمایا؟

(الف) حضرت حمزہ (ب) حضرت زبیر (ج) حضرت ابو بکر (د) کوئی بھی نہیں

44)رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔۔۔۔۔۔ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے اپنا عہد پورا کر دیا؟

(الف) حضرت عثمان (ب) حضرت طلحہ (ج) حضرت عمار (د) حضرت عباس

45)حضرت طلحہ نے کون سے جنگ میں اپنے ہاتھ کو ڈھال بنا کر رسول اللہ ﷺ کی حفاظت کی؟

(الف) جنگ بدر (ب) جنگ حنین (ج) جنگ احد (د) جنگ خندق

46)رسول اللہ ﷺ نے جنگ احد میں فرمایا اے۔۔۔۔۔۔۔۔تم تیر چلاؤ میرے ماں باپ تجھ پر قربان؟

(الف) علی (ب) طلحہ (ج) سعد (د) حمزہ

47)پہلے عربی شخص کون ہیں جنہوں نے اللہ کی راہ میں تیر چلایا؟

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت حمزہ (ج) حضرت عمار (د) حضرت سعد

48)رسول اللہ ﷺ نے کتنے صحابہ اکرام کو جنت کی بشارت دی؟

(الف) 10 (ب) 15 (ج) 20 (د) 25

49)حضور ﷺ نے کس صحابی کو امانت دار کہا؟

(الف) ابو عبیدہ بن جراح (ب) طلحہ (ج) زبیر (د) بلال

50)ابو عبیدہ بن جراح اس امت کے ہیں۔۔۔۔؟

(الف) محافظ (ب) امین (ج) صدیق (د) عادل

51)رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر میں کسی کو بغیر مشورے کے خلیفہ بناتا تو۔۔۔۔۔۔۔ کو بناتا؟

(الف) ابو عبیدہ بن جراح (ب) حضرت ابو بکر (ج) حضرت عبداللہ بن مسعود (د) مولا علی

52)آپ ﷺ نے کس صحابی کو طبیب اور مطب فرمایا؟

(الف) عمار بن یاسر (ب) حضرت عثمان (ج) حضرت طلحہ (د) امام حسین

53)جنہوں نے سب سے پہلے ایمان ظاہر کیا انکی تعداد ہے؟

(الف) 5 (ب) 7 (ج) 9 (د) 12

54)میری امت میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں؟

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت عثمان (ج) حضرت عمر (د) حضرت علی

55)اللہ کے دین میں سب سے زیادہ سخت اور مضبوط ہے؟

(الف) حضرت عمر (ب) حضرت طلحہ (ج) عمار بن یاسر (د) حضرت علی

56)سب سے زیادہ حیا کرنے والے ہیں؟

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت طلحہ (ج) حضرت عثمان (د) حضرت علی

57)سب سے بہتر قاضی ہے؟

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت طلحہ (ج) حضرت عمر (د) حضرت علی

58)سب سے بڑے قاری ہے؟

(الف) ابی بن کعب (ب) عبداللہ بن عباس (ج) مسعب بن عمیر (د) حضرت حنظلہ

59)سب سے زیادہ حلال و حرام کا علم رکھنے والے ہیں؟

(الف) عبداللہ بن مسعود (ب) معاذ بن جبل (ج) حضرت عبداللہ بن عباس (د) عبداللہ بن عمر

60)سب سے زیادہ فرائض کو جاننے والے ہیں؟

(الف) زید بن ثابت (ب) عبداللہ بن مسعود (ج) حضرت عبداللہ بن عباس (د) عبداللہ بن عمر

61)رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کا عرش ہل گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی موت کی وجہ سے؟

(الف) حضرت عبداللہ بن عباس (ب) زید بن ثابت (ج) حضرت سعد بن معاذ (د) عبداللہ بن عمر

62)رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا بے شک خوارج جہنم۔۔۔۔۔۔۔ہیں؟

(الف) گدھے (ب) شیر (ج) خنزیر (د) کتے

63)تم میں سے افضل وہ ہے جو۔۔۔۔۔۔۔سیکھے اور سیکھائے؟

(الف) سنت (ب) فقہ (ج) قرآن (د) قیاس

64)قرآن پڑھنے والے مومن کی مثال ہے؟

(الف) سیب کی (ب) سنگترے (ج) آم (د) انگھور

65)قرآن کو نہ پڑھنے والے مومن کی مثال ہے؟

(الف) کھجور کی (ب) انار (ج) کیلے (د) تربوز

67)قرآن کو پڑھنے والے منافق کی مثال ہے؟

(الف) ریحانہ (ب) پھول (ج) کلی (د) جو

68)قرآن نہ پڑھنے والے منافق کی مثال ہے؟

(الف) کھجور (ب) ریحانہ (ج) تھوہڑ (د) پھول

69)حافظ قرآن کے گھر والوں میں سے کتنے لوگوں کے بارے شفاعت قبول کی جائے گی؟

(الف) 10افراد (ب) 100افراد (ج) 300افراد (د) 500افراد

70)قرآن پاک کی کتنی آیات سیکھنا سو رکعت پڑھنے سے بہتر ہے؟

(الف) ایک رکعت (ب) دس آیات (ج) پندرہ آیات (د) بیس آیات

71)تمہارا علم کا ایک باب سیکھنا اس سے بہتر ہے کہ تم۔۔۔۔۔۔۔۔رکعت پڑھو۔

(الف) 100 (ب) 500 (ج) 1000 (د) 1500

72)ایک عالم شیطان پر بھاری ہے؟

(الف) ایک ہزار عابدوں سے (ب) ایک ہزار شہیدوں سے (ج) ایک ہزار پیروں سے (د) ایک ہزار زاہدوں سے

73)کتنے چیزوں سے مسلمان کا دل خیانت نہیں کرتا؟

(الف) 2چیزوں سے (ب) 3چیزوں سے (ج) 5چیزوں سے (د) کوئی بھی نہیں

74)بدترین قاری ہے جو۔۔۔۔۔۔۔۔کے چکر کاٹتے ہے؟

(الف) غریبوں کے (ب) مالداروں کے (ج) مفسلوں کے (د) علماء کے

طالب دعا:

احمد رضا عطاری دورہ حدیث

03205821309

JAMIA-TUL-MADINA INDIA

JAMIA-TUL-MADINA INDIA